Alberta

نیوز رِیلیز

البرٹا میں کووِڈ-19 ویکسین کی فراہمی میں قلت

18 جنوری، 2021ء میڈیا انکوائریز

پریمیئر جیسن کینی (Premier Jason Kenney) نے البرٹا میں ویکسین کی فراہمی سے متعلق مندرجہ ذیل بیان جاری کیا:

"البرٹا ہیلتھ سروسز نے آج تک صوبے بھر میں صحت کی مسلسل نگہداشت کے سلسلے میں اہلیت رکھنے والے صحت کی نگہداشت کے ورکروں اور عملے اور رہائشیوں کو تقریباً 90,000 خوراکیں لگائی ہیں۔ ہم کووِڈ-19 حفاظتی ٹیکوں کی رفتار میں بڑے صوبوں کی رہنمائی جاری رکھے ہوئے ہیں۔ یہ مثبت خبر ہے۔

"مجھے یہ اطلاع دیتے ہوئے بھی خوشی ہو رہی ہے کہ پہلی خوراک کی ویکسینیشنز صوبے میں تمام 357 طویل مدتی نگہداشتوں اور نامزد رہائشی سہولیات میں مکمل کر دی گئی ہے۔

"تاہم، سپلائی میں غیر متوقع رکاوٹ کی وجہ سے وفاقی حکومت نے گذشتہ ہفتے اعلان کیا تھا، کہ البرٹا کے پاس آج کے اختتام تک یا کل کے شروع تک پہلی خوراکوں کے طور پر لگائے جانے والی ویکسین کی مزید خوراکیں دستیاب نہیں ہوں گی۔

"اس کے مطابق، کوئی اور نئی پہلی خوراک کی اپوائنٹمینٹیں قبول نہیں کی جائیں گی اور پہلے سے بک کی گئی اپوائنٹمینٹوں کو آئندہ دنوں میں محدود سپلائی کیلئے دوبارہ شیڈول کیا جائے گا۔ اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کہ مقررہ اپوائنٹمینٹوں کیلئے دوسری خوراکیں دستیاب ہیں، خوراکوں کو مختص کیا گیا ہے۔

"جیسے کہ میں نے متعدد بار بتایا ہے کہ جب سے ویکسین آنے کا آغاز ہوا ہے، البرٹنز کے بازوؤں پر ضروری ویکسین لگوانے کی ہماری قابلیت ہمارے پاس موجود ویکسین کی خوراکوں کی تعداد تک محدود ہے۔ یہ دیکھ کر مایوسی ہوتی ہے کہ ایسا ہو رہا ہے، جبکہ دوسرے ممالک، جیسے کے ریاستہائے متحدہ، برطانیہ، اور اسرائیل بڑی مقدار میں ویکسین وصول کر چکے ہیں۔

"مجھے اب اس صورتِ حال سے سخت مایوسی ہوئی ہے جس کا ہم سامنا کر رہے ہیں۔ 15 جنوری کی خبروں میں تھا کہ آنے والے ہفتوں میں فائزر (Pfizer) کی شپمینٹس میں 20 سے 80 فیصد کمی ہوگی اور یہ صرف ہماری مایوسی میں اضافہ کرتا ہے اور اس کا مطلب ہے کہ ہمیں اپنے ویکسینیشن کے منصوبے کو نمایاں طور پر آہستہ کرنا پڑے گا۔

"البرٹا اس وقت 50,000 خوراکیں فی ہفتہ مہیا کرنے کی گنجائش رکھتا ہے۔ مارچ میں، ہم تقریباً 200,000 خوراکیں فی ہفتہ کا انتظام کرنے کی اہلیت رکھنے کی توقع کرتے ہیں۔ لیکن ہمارے پاس اس پر پورا اترنے کی سپلائی نہیں ہے۔ بدقسمتی سے، اس کا مطلب یہ ہے کہ قدیمی اقوام (First

متعلقہ معلومات

نیوز کانفرنس دیکھیں

نیوز کانفرنس سے تصاویر دیکھیں *(ایونٹ کے بعد دستیاب ہوں گے)*

میڈیا انکوائریز

کرسٹین مایٹ (Christine Myatt)

780-446-2179

ڈپٹی ڈائریکٹر (Deputy Director) آف کمیونیکیشنز/پریس سیکریٹری، آفس آف دی پریمیئر

(Nations اور میٹس (Métis) افراد اور 75 سال سے زائد عمر کے بزرگوں کی منصوبہ بندی شدہ ویکسینیشن روک دی گئی ہے۔

"مَیں البرٹنز کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ اس دھچکے کے باوجود، کافی تعداد میں خوراکوں کی فراہمی وصول کرنے کے بعد ہم فوری طور پر تیزی لانے اور دوبارہ ویکسینیشن کی ریکارڈ تعداد پر آنے کی پوزیشن میں ہیں۔ ہم ان لوگوں کو حفاظتی ٹیکے لگانے کی اپنی کوششوں میں بلند حوصلگی برقرار رکھتے ہیں جنہیں ان کی شدید ضرورت ہے۔"